جامعہ علوم اثریہ و جامعہ للبنات میں عید الاضحیٰ کی تعطیلات

مورخہ 9 مارچ سے لے کر 24 مارچ تک ہونگی، جبکہ شعبہ حفظ میں مورخہ 14 مارچ سے شروع ہو کر 24 مارچ تک ہونگی۔ اور جامعہ اثریہ للبنات میں مورخہ 12 مارچ سے 24 مارچ تک ہونگی۔ ان شاء اللہ۔

سوہاوہ میں مسجد اہلحدیث کا سنگِ بنیاد

سوہاوہ ضلع جہلم کی تاریخ میں پہلی مسجد اہلحدیث کا سنگِ بنیاد مورخہ 4 مارچ کو رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے رکھا۔ اس موقع پر مقامی احباب نے دلی مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے اس علاقہ میں خالص توحید و سنت کی دعوت و تبلیغ کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ اب اللہ تعالیٰ نے اہلِ توحید کی خواہشات اور دعاؤں کو قبول فرما لیا ہے۔ اور ان کے خوابوں کی تعبیر جلد ہی سامنے آجائے گی۔ سنگِ بنیاد کی اس مبارک تقریب میں جہلم سے حافظ عبد الحمید عامر، حافظ احمد حقیق، شیخ محمد اسحاق اور دیگر احباب نے شرکت کی۔

مشہور صحافی محمود مرزا جہلمی کو صدمہ

مشہور صحافی اور ضلع جہلم کے معروف سیاسی و سماجی راہنما محمود مرزا جہلمی کے والد گرامی حاجی مرزا راجہ خان اپنے آبائی قصبہ دولت پور میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم کا تعلق علاقہ کے مشہور قبیلہ مغل پھپھرا سے تھا۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔ مرحوم اپنے اعلیٰ اخلاق کی بدولت قبیلہ کے لوگوں میں ہر دلعزیز تھے۔ ان کی نماز جنازہ میں ہر مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور کارکنوں نے بڑی بھاری تعداد میں شرکت کی۔

شیخ عزیز الرحمان، عتیق الرحمان، عبید الرحمان، عبد الرحمان وغیرہ کو صدمہ

ان کے والد شیخ عطاء الرحمٰن (ہمدرد والے) کا انتقال پر ملال

مقامی جماعت کے قدیمی ساتھیوں میں سے اور الحاج شیخ محمد ابراہیم مرحوم کے خانوادہ سے تعلق رکھنے والے جناب شیخ عطاء الرحمٰن طویل علالت کے بعد راولپنڈی ہسپتال میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے، ہر ایک سے خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے، بڑے منکسر المزاج اور نیک فطرت انسان تھے۔ جامعہ کے معاونین میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ اس مرتبہ رمضان میں جامعہ کیلئے سالانہ عطیہ خود دینے آئے، اور پہلے سے بہت زیادہ تعاون کیا جبکہ قبل ازیں وہ اپنے بیٹوں کے ذریعے بھجوا کرتے تھے۔